GROWTECH
SERVICES (Pvt) Ltd.

GrowPak
GET IT ON Google Play

# پیاز کی منافع بخش کاشت
# گروٹیک کے پیداواری پروگرام کے ساتھ!



Address: Plot 60 – C, Street 07, Service Road North, I-10/3, Islamabad Email: - tariq@growtechsol.com ; Mobile # : 0321-3234980

GROWTECH
SERVICES (Pvt) Ltd.

# اہمیت:

- ❖ دنیا کی قدیم ترین سبزی ہے۔
- ❖ معدنی اجزا مثلا کیلشم، فولاد، فاسفورس کے علاوہ پروٹین اور وٹامن سی کا مرکب۔
- ❖ گرمیوں میں لُو سے بچاتا ہے۔
- ❖ خون کی شریانوں میں جمی ہوئی چربی تحلیل کرتا ہے۔
- ❖ دل کے امراض اور بلڈ پریشر سے محفوظ رکھتا ہے۔

# آب وہوا:

- سرد اورمرطوب آب وہواکی ضرورت۔
- نشوونما کے لیے 20 تا 24 ڈگری سینٹی گریڈ موزوں سمجھا جاتا ہے۔
- گنڈیاں بننے کے عمل کے دوران موزوں درجہ 25 تا 28 اور لمبے دن ساز گار ہوتے ہیں۔
- پاکستان میں چھوٹے دنوں والی اقسام (10 تا 12 گھنٹے لمبادن) اور درمیانے دنوں والی اقسام (13 تا 14 گھنٹے لمبے دن ) کامیاب ہیں ۔
- لاہور، ملتان، حیدرآباد، قلات اور مالا کنڈ ڈویژن کاشت کے حوالے سے اہم علاقے ہیں۔

GROWTECH
SERVICES (Pvt) Ltd.

# پیاز کی اقسام:

- پیاز کی اقسام کو رنگ، خوشبو، ذخیرہ کرنے، چھوٹے، درمیانے اور لمبے دنوں کے لحاظ سے تقسیم کیا جاسکتا ہے۔
- پاکستان میں چھوٹے اور درمیانے دنوں والی کامیاب ہیں۔
- پھلکارا اور دیسی سرخ سندھ اورپنجاب کی مشہور اقسام ہیں۔
- درآمد شدہ اقسام ہمارے موسمی حالات میں کامیاب نہیں رہی ہیں۔

GROWTECH
SERVICES (Pvt) Ltd.

# رقبہ کاشت اور پیداوار

| پیاز/علاقہ | رقبہ کاشت (ایکڑ) | پیداوار فی ایکڑ |
|---|---|---|
| پنجاب | 70 ہزار | 100 سے 120 من |
| سندھ | 1 لاکھ 30 ہزار | 120- 180 من |
| سرحد | 25 ہزار | 170- 180 من |
| بلوچستان | 53 ہزار | 160- 170 من |

# وقت کاشت

| علاقے | پنیری اُگانے کا وقت | پنیری منتقل کرنے کا وقت |
|---|---|---|
| پنجاب (پہاڑی) | • مارچ، اپریل | • مئی، جون |
| پنجاب (میدانی) | • جولائی (موسم خزاں)<br>• اکتوبر، نومبر | • اگست، ستمبر<br>• جنوری، فروری |
| خیبر پختون خواہ | • اکتوبر، نومبر | • دسمبر، جنوری |
| سندھ (زیریں علاقے) | • جولائی (چھوٹے بلبوں سے کاشت)<br>• جولائی، اگست | • اگست، ستمبر |
| بالائی سندھ | • اکتوبر | • دسمبر، جنوری |

# شرح تخم:

- پنیری کے لیے: 2 سے 3 کلو گرام فی ایکڑ4 سے 5 مرلہ زمین فی ایکڑ کے لیے)
- چھٹہ کے لیے: 6 سے 9 کلو گرام فی ایکڑ
- بلبوں کے لیے: 500 سے 550 کلو گرام چھوٹے -نوٹ: بلب (15-20 ملی میٹرقطر)

# پنیری کی کاشت:

- زمین اچھی طرح تیار کرنے کے بعد 4 فٹ چوڑی اور 10 فٹ لمبی کیاریاں بنائیں۔
- 2 انچ کے فاصلے پر 1 انچ گہری لائین لگائیں اوربیج کاشت کر دیں بیج گلی سڑی کھاد سے ڈھانپ دیں اور اوپرپرالی یا سرکنڈہ سے ڈھانپ دیں اور فورا فوارے کی مدد سے اس طرح پانی دیں کے نمی بھی باقی رہے اور کیاریوں میں پانی بھی نہ کھڑا ہو۔

GROWTECH
SERVICES (Pvt) Ltd.

# پنیری منتقلی:






- پنیری منتقل کرنے سے 3-2 گھنٹے پہلے ہلکا پانی دیں۔
- پودے کھیلیوں کے دونوں طرف 4-3 انچ کے فاصلہ پر لگائیں۔
- پنیری منتقلی کے وقت بیمار اور کمزور پودے علیحدہ کر دیں۔
- پنیری صبح یا شام کے وقت منتقل کریں۔

# کھادوں کا استعمال

| نام کھاد | وقت استعمال | مقدار | طریقہ استعمال |
|---|---|---|---|
| ڈی-اے-پی | زمین کی تیاری کے وقت | 1.5 سے 2 بوری | بجائی سے قبل کھیلیاں بنانے سے پہلے زمین میں ملا دیں |
| ایس او پی(50 کلو والا بیگ) | | 1 بوری | |
| پوٹاشیم ہیومیٹ 47 فیصد | | 8 کلو | |
| زنک سلفیٹ 10 فیصد | پنیری منتقلی کے 30 دن بعد | 10 لیٹر | فلڈ کریں۔ |
| پوٹاشیم ہیومیٹ 13.5 فیصد | پنیری منتقلی کے 40-50 دن بعد | 10 لیٹر | فلڈ کریں |
| ایس او پی(25 کلو والا بیگ) | گنڈھیاں بنتے وقت(55-60 دن بعد) | 12.5 کلو | یوریا کے ساتھ ملا کر فلڈ کریں |
| امونیم سلفیٹ | گنڈھیاں بنتے وقت(55-60 دن بعد) | 1 بوری | فلڈ کریں |

# پیاز کی فصل میں زنک کا استعمال:




- زنک کی کمی کو پورا کر کے پودوں کو صحتمند بنائے۔
- زمین کو زرخیز بنا کر پودوں کی نشوونما کو تیز کرے ۔
- دیگر کھادوں کی افادیت میں اضافہ کرے۔
- گنڈیوں کی تعداد اور کوالٹی میں اضافہ کرے۔
- کلوروفل کی مقدار میں اضافہ کرے۔

# پیاز کی فصل میں پوٹاشیم ہیومیٹ کا استعمال

## پودوں کی شاندار بڑھوتری - بھرپور پھول و پھل




- زمین کی ساخت کو بہتر بنا کر پیاز کی جڑوں کی کارکردگی میں اضافہ کرے۔
- زمین کو نرم اور بھر بھرا بنا کر بڑھوتری میں شاندار اضافہ کرے ۔
- اجزائے صغیرہ اور کبیرہ کا استعمال بہتر کرے۔
- زمینی وتر کو زیادہ دیر تک قائم رکھے۔
- جمی فاسفورس کو گھلائے پودوں کے لئے قابل استعمال بنائے۔

Address: Plot 60 – C, Street 07, Service Road North, I-10/3, Islamabad Email: - tariq@growtechsol.com ; Mobile # : 0321-3234980

# پیاز کی فصل میں پوٹاش کا استعمال

- زمین کی ساخت کو بہتر بنا کر پیاز کی جڑوں کی کارکردگی میں اضافہ کرے۔
- زمینی بیماریوں سے پودوں کو محفوظ بنا کر بڑھوتری میں شاندار اضافہ کرے ۔
- پوٹاش اور سلفر پیاز کی گنڈھیاں بنانے کی صلاحیت میں اضافہ کرے ۔
- پیاز کے سائز میں اضافہ کرکے موٹا اور صحت مند بنائے۔
- پیاز کے معیار اور مقدار میں اضافہ کرے۔



## آبپاشی

- پہلے 3 پانی 7 یا 8 دن کے وقفے سے لگائیں
- اس کے بعد آبپاشی کا وقفہ بڑھایا جا سکتا ہے ۔

Address: Plot 60 – C, Street 07, Service Road North, I-10/3, Islamabad Email: - tariq@growtechsol.com ; Mobile # : 0321-3234980


GROWTECH
SERVICES (Pvt) Ltd.

# جڑی بوٹیوں کا کنٹرول

اٹ سٹ
**Trianthema monogyna**



مدھانہ
**Dactyloctenum aegyptium**




سوانکی
**Echinocloa colonuma**



باتھو
**Chenopodium album**



قلفہ
**Portulaca oleracea**



تاندلہ
**Digera spp.**



ڈیلا
**Cyperus Spp**



جڑی بوٹیوں کے کنٹرول کے لئے ٹی-جیٹ نوزل استعمال کریں۔
ہمیشہ صاف پانی کا استعمال کریں۔
پانی کی فی ایکڑ مقدار 120 لیٹر رکھیں۔

Address: Plot 60 – C, Street 07, Service Road North, I-10/3, Islamabad Email: - tariq@growtechsol.com ; Mobile # : 0321-3234980

GROWTECH
SERVICES (Pvt) Ltd.

# جڑی بوٹیوں کی تلفی

- پیاز کی فصل میں تمام اقسام کی جڑی بوٹیاں(چوڑے، نوکیلے پتوں والی اور ڈیلا) اگتی ہیں اور پیداوار میں کمی کا باعث بنتی ہیں۔ فصل میں جڑی بوٹیوں کی تعداد کو دیکھتے ہوئے 2-1 دفعہ گوڈی کریں۔یہ عمل پودوں کو زیادہ خوراک حاصل کرنے کے ساتھ بہتر اور صحت مند گٹھے بنانے میں مدگار ثابت ہوگا۔

| جڑی بوٹیاں | کیمیائی زہر | مقدار | وقت استعمال |
|---|---|---|---|
| نوکیلے و چوڑے پتوں والی جڑی بوٹیاں | پینڈی میتھالین 33 فیصد + ایس میٹولاکلور 96 فیصد | 800 ملی لیٹر + 400 ملی لیٹر | بیجائی کے 24 گھنٹوں کے بعد اسپرے کریں۔ |
| نوکیلے و چوڑے پتوں والی جڑی بوٹیاں | آکسی فلوروفن+پینڈی میتھالین+میٹولا کلور 50 فیصد | 500 ملی لیٹر | بیجائی کے 24 گھنٹوں کے بعد اسپرے کریں۔ |
| نوکیلے و چوڑے پتوں والی جڑی بوٹیاں | آکسی فلوروفن | 250-200 ملی لیٹر فی 120 لیٹر پانی | بیجائی کے 30 دن بعد استعمال کریں۔ |
| سوانکی، کھبل | کوزیلوفوپ پی ایتھائیل 15 فیصد | 350 ملی لیٹر فی 120 لیٹر پانی | جب جڑی بوٹیاں 2-4 پتوں کی حالت میں ہوں۔ |

# پیاز کے ضرر رساں کیڑے اور ان کا تدارک



GROWTECH
SERVICES (Pvt) Ltd.

# تھرپس:



- یہ پیاز کا سب سے خطرناک رس چوسنے والا کیڑا ہے۔
- یہ کیڑا پودے کے پتوں کی درمیانی کونپلوں میں موجود ہوتا ہے۔
- اسکے بالغ اور بچے دونوں وہاں سے رس چوس کر نقصان کرتے ہیں اور حملہ شدہ پودوں کے پتے چڑُ مڑ ہو جاتے ہیں اور آہستہ آہستہ کالے ہو جاتے ہیں۔

| پیسٹ | زہر | مقدار فی ایکڑ |
|---|---|---|
| تھرپس | کلورفینا پائر 36 فیصد | 200-150 ملی لیٹر |
| | ایبامیکٹن 1.8 فیصد | 400 ملی لیٹر |

Address: Plot 60 – C, Street 07, Service Road North, I-10/3, Islamabad Email: - tariq@growtechsol.com ; Mobile # : 0321-3234980

GROWTECH
SERVICES (Pvt) Ltd.

# میگٹس/پیاز کی سنڈی:

- یہ سنڈی پیاز کی بیج والی فصل میں پھولوں کے گچھوں کو نقصان پہنچاتی ہے۔
- پروانہ زردی مائل بھورا جبکہ سنڈی سبزی مائل اور جسم پر لمبے رُخ دھاریاں ہوتی ہیں۔



## کنٹرول:

| | |
|---|---|
| ایما میکٹن+لیوفینوران 3 فیصد | 400ملی لیٹر |
| ایما میکٹن بینزوئیٹ 1.9 فیصد | 200ملی لیٹر |

Address: Plot 60 – C, Street 07, Service Road North, I-10/3, Islamabad Email: - tariq@growtechsol.com ; Mobile # : 0321-3234980

GROWTECH
SERVICES (Pvt) Ltd.

# پیاز کی بیماریاں



# پرپل بلاچ (ارغوانی جھلساؤ) :



- پتوں پر ہلکے جامنی رنگ کے کناروں والے دھبے پڑ جاتے ہیں۔بیج پیدا کرنے والی ڈنڈی گل سڑ جاتی ہے اور پیاز پر سیاہ دھبے پڑ جاتے ہیں۔
- روئیں دار پھپھوندی کے شدید حملہ کی صورت میں اس بیماری کے حملے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے

Address: Plot 60 – C, Street 07, Service Road North, I-10/3, Islamabad Email: - tariq@growtechsol.com ; Mobile # : 0321-3234980






# Downy Mildew: روئیں دار پھپھوندی





- یہ بیماری پتوں اور بیج والے تنوں پر سیاہی مائل روئیں دار دھبوں میں ظاہر ہوتی ہے۔اگرموسم سرد ابرآلوداور ساتھ ہلکی بارش ہو توجھلساؤ کیطرح جھلساؤ مرجھاؤ کا منظر پیش کرتا ہے اورپیداوار٪60-75 تک کم ہوجاتی ہے۔
- نرسری سے منتقل شدہ فصل پر روئیں دار پھپھوندی کا حملہ زیادہ ہوتا ہے۔پرانے پتوں کی نوکیں پیلی ہو کر گرنا شروع کر دیتی ہیں۔






# Stemphylium leaf blight: سٹیم فیلیم بلائٹ






- جب فصل 3-4 پتوں کی حالت میں ہو تو پتوں کے نوکدار کناروں پر حملہ ہوتا ہے۔
- 20-24 سینٹی گریڈ اور 70 فیصد نمی بیماری کے پھیلاؤ میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔
- پتوں کی اوپر والی سطح سے نیچے کی طرف بیماری کا پھیلاؤ۔
- ہلکے زردی مائل سے گہرے بھورے دھبے۔
- پوری فصل مرجھائی ہوی دکھائی دیتی ہے۔

GROWTECH
SERVICES (Pvt) Ltd.

# سٹیم فیلیم بلائٹ۔ علامات





GROWTECH
SERVICES (Pvt) Ltd.

# فیوزیریم ڈیمپنگ آف:




- فنگس جڑوں پر حملہ کرتی ہے۔
- جڑیں پہلے گہری سرخ اور پھر سیاہ ہو جاتی ہیں۔
- پودا چوٹی سے مرجھانہ شروع کرتا ہے۔
- فنگس زمین میں موجود ہوتی ہے۔
- نمدار اور گیلی زمین میں زیادہ پھیلتی ہے۔



- فصل کو صرف دن کے وقت پانی دیں۔
- جڑی بوٹیوں کی بروقت تلفی کریں۔
- زمین کو دھوپ لگوا کر خشک کریں۔
- فصلوں کا ہیر پھیر کریں۔

# Pink Root (*Phoma terrestris*) پنک روٹ

- جڑیں ہلکی گلابی سے گہرے رنگ میں تبدیل اور آخر میں ارغوانی رنگ میں تبدیل ہوجاتی ہیں ۔
- جڑیں ٹرانسپیرینٹ اور ان پر خشک پانی کے دھبے نمودار ہونے لگتے۔
- بلب چھوٹے رہ جاتے ۔



GROWTECH
SERVICES (Pvt) Ltd.

# بیماریوں کا کیمیائی کنٹرول

| بیماری | زہر کا نام | مقدار | طریقہ استعمال |
|---|---|---|---|
| روئیں دار پھپھوندی، ارغوانی جھلساؤ، سفید جھلساؤ، | سائموکسنل+مینکوزیب 72 فیصد | 600 گرام فی 100 لیٹر پانی | • بیجائی کے 1 ماہ بعد حفاظتی اسپرے کریں۔<br>• حملہ نظر آتے ہی اسپرے کریں۔ |
| | ایزاکسی سٹروبن+کلوروتھیلونل 56 فیصد | 350 ملی لیٹر فی 100 لیٹر پانی | |
| | پائراکلوسٹروبن+میٹی رام 60 فیصد | 600 گرام فی 100 لیٹر پانی | |
| روئیں دار پھپھوندی | پروپی نیب 70 فیصد | 500 گرام فی 100 لیٹر پانی | |
| تنے اور گٹھوں کا گلاو(سٹیم فیلیئم بلائیٹ) پنک راٹ، ڈیمپنگ آف | فوسٹائیل ایلومینیم 80 فیصد | 1 کلو گرام فی ایکڑ | فلڈ کریں۔ |
| | تھائیوفینیٹ میتھائیل 70 فیصد | 2 کلو گرام فی ایکڑ | فلڈ کریں۔ |

GROWTECH
SERVICES (Pvt) Ltd.

# برداشت:

- نرسری سے کاشت کی ہوئی موسم خزاں کی فصل جنوری سے مارچ تک برداشت کی جاتی ہے۔
- سیٹس کے ذریعے کاشت کی ہوئی فصل نومبر تا وسط دسمبر میں برداشت ہوتی ہے ۔
- موسم بہار کی فصل آخر اپریل سے مئی تک برداشت ہوتی ہے

نوٹ :

جب پیاز اپنی نشوونما اور جسامت بڑھانا چھوڑ دے، نئے پتوں اور جڑوں کی بڑھوتری رک جائے اور پودے کا تنا خشک ہو کر جھک جائے( 15 سے 20 فیصد پودے ٹوٹنا شروع) برداشت کے لیے فصل برداشت کے لیے تیار ہوجاتی ہے ۔

GROW TECH

GrowPak

# پیاز کی کاشت اور مرحلہ وار نشوونما کے حصول کی اہم معلومات


نائٹروجن

پوٹاش

## آبپاشی سے متعلق اہم معلومات

پہلے تین پانی 7-8 دن کے وقفہ سے لگائیں۔

موسم کی صورتحال اور فصل کی ضرورت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے آبپاشی کا تعین کریں۔



| پنیری کی منتقلی | پتوں کی بڑھوتری | گنڈھی کا بننا | گنڈھی کی بڑھوتری | فصل کی برداشت |
|---|---|---|---|---|
| 25-30 دن | 31-50 دن | 51-65 دن | 66-75 دن | 76-90 دن |
| جڑی بوٹیوں کے تدارک کے لحاظ سے اہم مراحل | | | | |
| | نائٹروجن | پوٹاش، نائٹروجن | | |

مختلف کھادوں کے استعمال کے اہم مراحل

نوٹ : فاسفورس کھادوں کی مکمل مقدار جبکہ پوٹاش کھادوں کی نصف مقدار کا استعمال بجائی کے وقت کرنا چاہیے۔ فصل کا دورانیہ کاشتہ علاقے اور فصل کی مخصوص قسم کے لحاظ سے مختلف ہو سکتا ہے۔


پاکستان میں زراعت کی ترقی کیلئے کوشاں گروٹیک زراعت سے متعلق ٹیکنالوجی کمپنی ہے۔ جو پاکستان کے زراعت کے شعبے میں محرومیوں اور عدم استحکام کو ختم کرنے کے لیے جدید حل مہیا کرتی ہے۔

Follow us on

www.growtechsol.com

GROWTECHServices

growtechsol

growtechsol